سورۃ القیامۃ (75)

(مکی — کل آیات 40)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لَاۤ اُقۡسِمُ بِیَوۡمِ الۡقِیٰمَۃِ (1)

قیامت کے دن کی قسم ہے۔

وَ لَاۤ اُقۡسِمُ بِالنَّفۡسِ اللَّوَّامَۃِ (2)

اور پشیمان ہونے والے شخص کی قسم ہے۔

اَیَحۡسَبُ الۡاِنۡسَانُ اَلَّنۡ نَّجۡمَعَ عِظَامَہٗ (3)

کیا انسان سمجھتا ہے کہ ہم اس کی ہڈیاں جمع نہ کریں گے۔

بَلٰی قٰدِرِیۡنَ عَلٰۤی اَنۡ نُّسَوِّیَ بَنَانَہٗ (4)

ہاں ہم تو اس پر قادر ہیں کہ اس کی پور پور درست کر دیں۔

بَلۡ یُرِیۡدُ الۡاِنۡسَانُ لِیَفۡجُرَ اَمَامَہٗ (5)

بلکہ انسان تو چاہتا ہے کہ آئندہ بھی نافرمانی کرتا رہے۔

یَسۡـَٔلُ اَیَّانَ یَوۡمُ الۡقِیٰمَۃِ (6)

پوچھتا ہے کہ قیامت کا دن کب ہوگا۔

فَاِذَا بَرِقَ الۡبَصَرُ (7)

پس جب آنکھیں چندھیا جائیں گی۔

وَ خَسَفَ الۡقَمَرُ (8)

اور چاند بے نور ہو جائے گا۔

وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ (9)

اور سورج اور چاند اکھٹے کیے جائیں گے۔

يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ اَيْنَ الْمَفَرُّ (10)

اس دن انسان کہے گا کہ بھاگنے کی جگہ کہاں ہے۔

كَلَّا لَا وَزَرَ (11)

ہرگز نہیں کہیں پناہ نہیں۔

اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ِۨالْمُسْتَقَرُّ (12)

اس دن آپ کے رب ہی کی طرف ٹھکانہ ہے۔

يُنَبَّاُ الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ (13)

اس دن انسان کو بتا دیا جائے گا کہ وہ کیا لایا اور کیا چھوڑ آیا۔

بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ (14)

بلکہ انسان اپنے اوپر خود شاہد ہے۔

وَلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ (15)

گو وہ کتنے ہی بہانے پیش کرے۔

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ (16)

آپ (وحی ختم ہونے سے پہلے) قرآن پر اپنی زبان نہ ہلایا کیجیے تاکہ آپ اسے جلدی جلدی (یاد کر) لیں۔

اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ (17)

بے شک اس کا جمع کرنا اور پڑھا دینا ہمارے ذمہ ہے۔

فَاِذَا قَرَاْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ (18)

پھر جب ہم اس کی قراءت کر چکیں تو اس کی قراءت کا اتباع کیجیے۔

ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ (19)

پھر بے شک اس کا کھول کر بیان کرنا ہمارے ذمہ ہے۔

كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ (20)

ہرگز نہیں بلکہ تم تو دنیا کو چاہتے ہو۔

وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ (21)

اور آخرت کو چھوڑتے ہو۔

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ (22)

کئی چہرے اس دن ترو تازہ ہوں گے۔

اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ (23)

اپنے رب کی طرف دیکھتے ہوں گے۔

وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ (24)

اور کتنے چہرے اس دن اداس ہوں گے۔

تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ (25)

خیال کر رہے ہوں گے کہ ان کے ساتھ کمر توڑ دینے والی سختی کی جائے گی۔

كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ (26)

نہیں نہیں جب کہ جان گلے تک پہنچ جائے گی۔

وَقِيْلَ مَنْ ۜ رَاقٍ (27)

اور لوگ کہیں گے کوئی جھاڑنے والا ہے۔

وَظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ (28)

اور وہ خیال کرے گا کہ یہ وقت جدائی کا ہے۔

وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ (29)

اور ایک پنڈلی دوسری پنڈلی سے لپٹ جائے گی۔

اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَىٕذِ ٍۨالْمَسَاقُ (30)

تیرے رب کی طرف اس دن چلنا ہوگا۔

فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى (31)

پھر نہ تو اس نے تصدیق کی اور نہ نماز پڑھی۔

وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى (32)

بلکہ جھٹلایا اور منہ موڑا۔

ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى (33)

پھر اپنے گھر والوں کی طرف اکڑتا ہوا چلا گیا۔

اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى (34)

(اے انسان) تیرے لیے افسوس پر افسوس ہے۔

ثُمَّ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى (35)

پھر تیرے لیے افسوس پر افسوس ہے۔

اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى (36)

کیا انسان یہ سمجھ رہا ہے کہ وہ یونہی چھوڑ دیا جائے گا۔

اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى (37)

کیا وہ ٹپکتی منی کی ایک بوند نہ تھا۔

ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّ ٰ ى (38)

پھر وہ لوتھڑا بنا، پھر اللہ نے اسے بنا کر ٹھیک کیا۔

فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى (39)

پھر اس نے مرد و عورت کا جوڑا بنایا۔

اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقَادِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِىَ الْمَوْتٰى (40)

پھر کیا وہ اللہ مردے زندہ کردینے پر قادر نہیں۔